کمپوزنگ،اور سب سے بڑھ کر استاد محترم مولانا انوار الحق صاحب کی سادگی کمال للّٰہیت اور تواضع کی پرتو ہے۔ہر واعظ اور ہر خطیب کے لئے گوہرِ نایاب ۔ لیجئے ،پڑھیئے اور اصلاح وارشاد کا حظِ وافر حاصل کیجئے۔
کتاب حاصل کرنے کے لئے رابطہ نمبر 0301-3019928

- **كتاب الصلوة فى الاحاديث النبويه** ......مولف: اسعد محمود ملک

نماز اسلام کے بنیادی ارکان میں سے دوسرا رکن ہے اور نماز تمام ارکان کی بنیاد ہے اگر نماز ٹھیک طریق اسلام کے مطابق نہیں ہوگا تو وہ دیگر فرائض بھی تساہل کا شکار ہوگا نماز کی بعض فروعات میں مسالک اربعہ کے درمیان معمولی سا اختلاف ہوگا۔زیر نظر کتاب الصلوٰۃ جناب مولانا اسعد محمود خادم خاص حضرت مولانا عبدالحفیظ مکی صاحب کی تصنیف لطیف ہے ۔جسمیں انہوں نے پورا نقشہ احادیث مبارکہ کی روشنی میں پیش کیا ہے۔ ہر حدیث نماز حنفی کے استدلالات میں سے ہیں جس میں احادیث نبویہ کا انبار لگا کر کتاب کو آثار الصحابہ اور تابعین سے مزین کیا ہے جبکہ نوجوان عالم دین معاویہ بن اسعد سے اسکی نصوص کی مراجعت میں بڑی عرقریزی سے کام لیا ہے ۔۲۲۱ صفحات پر مشتمل یہ علمی تحفہ مکتبہ النور فیصل ،مرکز الشیخ زکریا چوہدری پارک ڈی ٹاپ کالونی فیصل آباد سے دستیاب ہے۔ (مبصر: مولانا محمد اسلام حقانی)

- **فتح المنان فى حكم البيع من الزيادة** ......مولانا مفتی عبیدالرحمٰن حقانی

فقہ کتابوں میں کتاب البیوع کے اندر ایک معرکۃ الاراء مبحث ''اصل وصف'' موجود ہیں ۔اور یہ مبحث ایک مسئلہ کے ساتھ وابستہ ہے کہ مبیع میں کمی یا زیادتی ظاہر ہوجائے تو کیلی اشیاء (ناپ والے) میں کیا کریں گے؟ اور موزونی اشیاء میں کیا کریں گے؟ یہ ایک مشکل مسئلہ ہے جسے اساطین علم اور جماہیر درس وتدریس نے اپنے اپنے اسلوب اور انداز سے حل کیا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب اس مشکل مسئلہ کے متعلق ہے محترم مفتی عبیدالرحمٰن صاحب کو اس کی تیاری میں کافی محنت اور جانفشانی کے ساتھ مرتب کیا ہے ۔اس کتاب میں انہوں نے اصل وصف کی وضاحت ،اسکے اصول ، ضوابط ،اور قواعد ،اور اس مسئلہ کے متعلق فقہائے احناف کے عبارات کی تشریح اور اشکالات کا جائزہ ،عصر حاضر میں اس کی تطبیق ان تمام امور پر سیر حاصل بحث کرتے ہوئے اہل علم وفضل پر احسان عظیم فرمایا، کتاب کا اسلوب عام فہم ،طریقہ استدلال سادہ ،تفہیم مسائل آسان ہے۔موصوف مذکور قابل مدرس اور ایک جید محقق بھی ہیں مصنف کی اس سے پہلے کتاب امر بالمعروف ونهى عن المنكر نے اہل علم وفضل سے داد وتحسین وصول کی ہے۔مسئلہ تکفیر پر لکھتے رہے ہیں ۔۸۵ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مرکز البحوث الاسلامیہ مردان سے (0313-3736809) سے دستیاب ہے ۔(مبصر: مولانا محمد اسلام حقانی)